بن پریمیر کی شاہکار

[illegible]

اداکاران

پردیپ کمار

سعیدہ خان

[illegible]

جانی واکر

قیمت ۱/

رتن امپیریل بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

ماڈرن گرل کے گانے

گانا نمبرا

لڑکی :- جو پہلی ملاقات میں شرماتا ہے گھبراتا ہے
اک روز ہتھیلی پر دل لے کر بھاگا بھاگا آتا ہے

کورس :- جو پہلی ملاقات ——

لڑکی :- نگاہوں کے ڈورے گلابی گلابی
قدم بہکے بہکے کہ جیسے شرابی
جو نینوں کا جندا تو دیکھے گی دنیا
کہاں تک چھپے گا یہ چہرہ کتابی
جو اپنے ہی ارمانوں کے طوفانوں سے ٹکراتا ہے

کورس :- اک روز ——

لڑکی :- محبت کا دریا جوانی کے میلے
تمنا کی موجیں امیدوں کے میلے
زباں چپ ہے لیکن نظر کہہ رہی ہے
کوئی ہم سے کھیلے کوئی ہم سے کھیلے
جو آنکھ ملانے آتا ہے اور آنکھ چرا کر جاتا ہے

کورس :- اک روز ——

لڑکی :- ذرا پاس بیٹھو ذرا پاس آؤ
زمانے کا کہنا ہے اس سے بھول جاؤ
اگر تم حسین ہو حسین ہے یہ دنیا
محبت کے نغمے سنو اور سناؤ
جو سنبھل سنبھل کر چلتا ہے وہ بھی ٹھوکر کھا جاتا ہے

نور محل دت اِک روز ـــ

گانا نمبر ۲

کبھی انکار کرتے ہو، کبھی اقرار کرتے ہو
تو مطلب صاف ظاہر ہے کسی سے پیار کرتے ہو
کبھی انکار ـــ

یہ بہکی چال کہتی ہے نظر ٹکرا گئی ہو گی
محبت کی گھٹا لہرا کے دل پہ چھا گئی ہو گی
نگاہیں جھک گئی ہوں گی قیامت آ گئی ہو گی
کبھی انکار ـــ

یہ آنکھیں کہہ رہی ہیں جاگنے کی ان کو عادت ہے
کہو وہ کون ہے جس کے تصور سے محبت ہے
کبھی تو ہم سے کھل جاؤ ہمیں تم سے محبت ہے۔ کبھی انکار ـــ
دھڑکتے دل کی دھڑکن کو بھلا کب تک چھپاؤ گے
یہ شعلہ اور بھڑکے گا اسے جتنا دباؤ گے
محبت ایک طوفاں ہے اسے تم کب چھپاؤ گے
کبھی انکار ـــ

گانا نمبر ۳

لڑکا ـ یہ موسم یہ رنگین سماں ٹھہر ذرا او جانِ جاں
تیرا میرا تیرا پیار ہے تو پھر کیا شرمانا
لڑکی ـ روک نہ مجھ کو جاؤں جانِ جاں
مجھ کو ہے انکار کہاں
تیرا میرا تیرا پیار صنم نہ بن جائے افسانہ
لڑکا ـ یہ چاند یہ تارے کتنے ہیں مل کے سارے
آ جا پیار کریں

لڑکی:۔ یہ چندا بیری دیکھیے، ایسے میں تو یوں کہے
دل میں ہے کچھ کچھ کہیے زباں اقرار کر لے
لڑکا:۔ پیار بھی ہے جان جاں
تیرا میرا میرا تیرا پیار ہے تو پھر کیسا شرمانا
یہ پیار کی لمبی راہیں باہوں میں ڈالے باہیں
کہیں دور چلے
لڑکی:۔ بیٹھے ہیں گھیرا ڈالے یہ ظالم دنیا والے
ہمیں دیکھ جلیں
لڑکا:۔ جلتا ہے تو جلے جہاں، ٹھہر ذرا او جانِ جاں
تیرا میرا میرا تیرا پیار ہے پھر کیسا شرمانا

گانا نمبر ۲

مٹی میں مل گیا ہے تیرا آنام دیکھ لے
چھوٹی سی ایک بھول کا انجام دیکھ لے
نظر اُٹھنے سے پہلے ہی جھکا لیتی تو اچھا تھا
تو اپنے آپ کو پردہ بنا لیتی تو اچھا تھا
تیرے ہونٹوں کی یہ سُرخی تیرے چہرے کی رونق ہے
یہ سُرخی مانگ میں اپنی رچا لیتی تو اچھا تھا
تیرے شانے سے لہراتے ہوئے آنچل کا کیا کہنا
اسی آنچل سے اک گھونگھٹ بنا لیتی تو اچھا تھا
تو اپنے ——
جو کانٹوں سے اُلجھ کر پھول ٹوٹے بھی تو کیا ٹوٹے
سمجھ کر سوچ کر دامن بچا لیتی تو اچھا تھا
تو اپنے ——

ادھر رنگینیاں تھیں اور ادھر ماں باپ کی خوشیاں
انہیں خوش کرکے تو انکی دعا لیتی تو اچھا تھا
تو اپنے آپ ——

گانا نمبر ۵

توڑ دیا چشمہ میرا تو نے اری او بھولا
مجھ کو میرے پیار کا خوب یہ بدلہ دیا
توڑ دیا چشمہ میرا
ادے ہم ہیں تیرے دیوانے جا بیڑے جا جیل خانے
یہ دل تیرا یہ جیاں تیرا تو مانے یا نہ مانے
ارے جا جا او دیوانے یہ قصے ہیں پرانے
نہ تو میرا نہ میں تیری تو مانے یا نہ مانے
زلفوں کے نیچے گورے مکھڑے کا روپ ہے
کیسا غضب ہائے چھاؤں میں دھوپ ہے
دیکھو نہ مارو نیناؤں میں نشانے
ادے ہم ہیں تیرے دیوانے
واہ رے دیوانے تجھے منو جھی ہے دور کی
صورت لنگور کی ہے خواہش انگور کی
نکلے ہیں کھٹے انگور کے یہ دانے
ارے جا جا او دیوانے
غصے میں بھری بھری میری سرکار ہے
لیکن میں جانتا ہوں اسمیں بھی پیار ہے
مُدّل نہ بھینکو یہ جھوٹے ہیں بہانے
ادے ہم ہیں تیرے دیوانے

گانا نمبر ۲

او دیوانے میرے جب تیرا دل جلے
آجا آجا آجا میری زلفوں کے سائے تلے
او دیوانے ـــــ
یہ تو ہے دھوکا تیری نظر کا اے جان جاں
دیکھ سکے تو دیکھ لے مجھ کو میں ہوں جہاں
بھٹکتا کہاں ہے تو او من چلے
او دیوانے ـــــ
گوری گوری باہیں میری لگا ئیں کہتی ہے آ
دیکھ ذرا تو پیار میں باہوں کیا ہے نشہ
یہی وہ نشہ ہے جو کبھی نہ ڈھلے - او دیوانے ـــــ
چھوڑ یہ پیالے او متوالے مان بھی جا
ایسی پلادوں ہوش اڑادوں پاس تو آ
آنکھوں کی آنکھوں میں دور چلے - او دیوانے ـــــ

گانا نمبر ۷

ساز بجتا رہے رقص ہوتا رہے
زندگی بس یوں ہی مسکراتی رہے
زندگی اک چھلکتا ہوا جام ہے
اک حسین مسکراہٹ کا یہ نام ہے
ہونٹ ہلتے رہیں پھول کھلتے رہیں - زندگی بس ـــــ
شمع یہ آ کے پروانے جلتے رہیں
قافلے عاشقی کے یہ چلتے رہیں
حسن ہوتا رہے عشق روتا رہے - زندگی بس ـــــ
گلبدن چاندنی میں نہاتے رہیں

آگ لہروں کے دل میں لگاتے رہیں
رات بڑھتی رہے اوس پڑتی رہے
زندگی ہیں —

آرزوؤں کے میلے لگاتے ہوئے
پیار کی داستانیں سناتے ہوئے
لوگ آتے رہیں لوگ جاتے رہیں ۔ زندگی ہیں —
پھول باغوں میں زلفوں میں آتے رہیں
ناگنوں کو سپیرے بلاتے رہیں
میل ہوتے رہیں کھیل ہوتے رہیں
زندگی ہیں —

اسلامی لٹریچر کی نایاب کتابیں

- رکن الدین -/2/1
- قصص الانبیاء 3/-/1
- ہزار مسئلہ -/12/-
- ثمرۃ المسلمین -/6/-
- کرامات محبوب سبحانی -/6/-
- نور نامہ مع کلمہ نامہ -/3/-
- نور نامہ کلاں -/3/-
- صبر فاطمہ -/8/-
- داستان یوسف -/8/-
- حجت اسلام -/3/-
- معجزہ ہرنی -/3/-
- معجزہ آل نبی -/3/-
- رسالہ بے نمازاں -/3/-

- صبح کا ستارہ -/12/-
- قیامت نامہ -/8/-
- فضائل شہور و ایام -/12/-
- بہشتی زیور اول حصہ -/12/-
- بہشتی زیور مکمل 8/-/1
- قصہ آدم -/8/-
- شہید کربلا -/8/-
- قصہ حضرت ایوب -/8/-
- معراج رسول -/8/-
- قصہ آہو -/3/-
- بابا نغول -/4/-
- سخاوت نامہ -/3/-
- نماز کا فیصلہ -/3/-

- جمجمہ نامہ -/3/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الٰہ آباد پریس دہلی)